کُن فیاکوں

ہے مختصر سی یہی داستانِ کن فیاکوں
کہ مرتضیٰؑ کی زباں ہے زبانِ کن فیاکوں

علیؑ کے نام کی تختی سجی ہے کعبے پر
علیؑ کے در پہ لکھا ہے مکانِ کُن فیا کوں

عدم، وجود، بقا سب ہی جھوٹ ہو جائیں
نہ ہو جو دستِ خدا درمیانِ کُن فیاکوں

وہ جینے مرنے میں بگڑا نصیری ہو کے مرا
دیئے تھے جس نے کئی امتحانِ کُن فیاکوں

علیؑ سے بات بڑھی ہی نہیں کسی جانب
بیان کرنے لگا میں جو شانِ کن فیاکوں

اُسی شگاف نے کعبہ سنبھال رکھا ہے
ہے جو ستون کی صورت نشانِ کن فیا کوں

ملائی جب بھی زمانے نے ایک سی پائی
لسانِ نہجِ بلاغہ لسانِ کنُ فیا کوں

281

درِ علیؑ کی بلندی تک آگیا تارا
تلاش کرتے ہوئے آسمانِ کُن فیا کوں

یہ اختیار یہ قدرت یہ دسترس مولاؑ
ہے بچہ بچہ تیرا ترجمانِ کن فیا کوں

اُٹھے جو تیغ تو بس کلُ مَن الیہا فان
اُٹھے قدم تو چلے کاروانِ کن فیاکوں

مٹا مٹا کے بناتے رہے علی اکبرؑ
ضمیرِ حُرؑ کو سنا کر اذانِ کُن فیا کوں

ستم کے تیر سے اصغرؑ کے مسکرانے تک
فنا کی زد پہ تھا اکبرؑ نشانِ کُن فیا کوں